Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۲۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۵ شعبان سنہ ۱۳۳۴ھ مطابق ۱۹ جون سنہ ۱۹۱۶ء	نمبر ۲۵

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳۱ مئی سنہ ۱۹۱۶ء

تجویز صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر مناسب ہے۔ برائے آیندہ احکام اطلاعی سب جگہ صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر بھجوادیں تاکہ سب سررشتوں میں مطبع سرکاری کے طریق عمل سے آگہی ہوجائے

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر رسالہ	نمبر عرضی

جناب عالی

مطبع سرکاری کے لئے فراہمی کاغذ کا ٹھیکہ دینا صاحب ہوم سکرٹری بہادر نے

سنہ ۱۹۱۲ء سے شروع کر دیا تھا۔ ابتک دو مرتبہ ایک ایک سال کیلئے ٹھیکہ ہوا ہی۔ جو ٹھیکہ اسوقت ہی اُسکی میعاد آخر مئی سنہ ۱۹۱۶ء تک ہی۔ کاغذ مطبع مین ٹھیکیدار قیمت مندرجہ بیجک پر ایک مقررہ نفع لیکر دیا کرتا ہی اور اسوجہ سے ہر ایک قسم کے کاغذ کا نرخ اکثر بدلتا رہتا ہی۔ لیکن اس کا اطمینان ہرگز نہین ہو سکتا کہ بیجک مین جو نرخ درج ہوتا ہے واقعی وہی نرخ اُس کاغذ کا ہوتا ہی۔ یا ٹھیکیدار اپنے نفع کے لئے نرخ مین بیشی کر کے درج کرالیتا ہے۔ علاوہ اسکے حساب کتاب مین سخت دشواریان پیش آتی ہین۔ اور مطبع مین کام بڑھ گیا ہی۔ کاغذ فراہم کرنے مین مطبع کا کوئی نفع نہین ہے جس قیمت کو کاغذ خریدا جاتا ہے وہی قیمت فرمائش کنندگان سے لیجاتی ہے اس سے قبل قاعدہ یہ تھا کہ فرمائش کنندگان اپنا کاغذ دیا کرتے تھے یا اگر وہ کاغذ نہ دیتے تھے تو بازار مین جس نرخ کو کاغذ ملتا تھا خرید کر قیمت کاغذ فرمائش کنندگان سے وصول کر لیجاتی تھی۔ اِس صورت مین حساب مین بعد طوالت نہ تھی جو ٹھیکہ کی حالت مین ہی۔ علاوہ اسکے پانسو روپیہ کی رقم بطور امداد ٹھیکہ دار کو پیشگی دیجاتی ہی۔ حالانکہ سرکاری کوئی نفع نہین ہے جسکے لئے سرکاری رقم سال بھر تک بیکار پڑی رہتی ہی۔

اِن وجوہ سے ترقیخواہ کی رائے مین ٹھیکہ کاغذ مطبع کا طریقہ مسدود ہونیکے قابل ہی۔ آیندہ جن محکہ جات سرکاری سے فارم وغیرہ طبع کرائے جائینگے اُن محکمہ نے کاغذ خرید کر دیا جائیگا یا اگر وہ اجازت دینگے تو منصرم مطبع بازار سے خرید کر صرف کرینگے اور قیمت وصول کرینگے۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۱ جون سنہ ۱۹۱۶ء

باقتضائے مصالحہ و سہولت انتظام فوجی بجائے چیف آف دی اسٹاف اور ملٹری سپلائی افسر کے صیغۂ فوج مین آیندہ دو عہدے قائم کیے جاتے ہین ایک کا نام کمانڈنٹ کیولری فورسز۔ اور دوسرے کا نام کمانڈنٹ انفنٹری فورسز ہوگا۔

۱- کمانڈنٹ کیولری فورسز لفٹنٹ کرنل صاحبزادہ سید سجاد علیخان بہادر ہونگے۔
۲- کمانڈنٹ انفنٹری فورسز۔ لفٹنٹ کرنل محمد فتیاب خان خانبہادر ہونگے۔

اِن دونون افسرون کے متعلق آیندہ حسب تفصیل ذیل صیغہ جات رہینگے اور ہر دو افسرونکو اپنے ماتحت زمرونمین وہ جملہ اختیارات حاصل ہونگے جو پیشتر کمانڈنٹ افواج ریاست کو بحیثیت مجموعی اور اب حال مین چیف آف دی اسٹاف اور ملٹری سپلائی افیسر کو علٰحدہ علٰحدہ حاصل تھے کمانڈنٹ کیولری فورسز و کمانڈنٹ انفنٹری فورسز زمرہ ہائے متعلقہ کی بجٹ جداگانہ مرتب کر کے اجلاس ہمایون مین بھیجینگے اور اُنکو ملٹری بجٹ ورفنڈ سے پانچ پانچ سو روپیہ تک مصارف کی منظوری وغیرہ کا اختیار حاصل ہوگا

تفصیل صیغہ جات متعلقہ لفٹنٹ کرنل صاحبزادہ سید سجاد علیخان بہادر

امپیریل سروس لانسرز تھرڈ اسکوارڈرن شترسواران توپخانہ سیگزن

تفصیل صیغہ جات متعلقہ لفٹنٹ کرنل محمد فتیاب خان خانبہادر۔

فرسٹ بٹالین امپیریل سروس انفنٹری سکنڈ بٹالین اسٹیٹ انفنٹری۔
تھرڈ بٹالین اسٹیٹ انفنٹری گورکھا کمپنی اسلحہ خانۂ عام۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور روبکار درج گزٹ کیا جائے۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۱ جون سنہ ۱۹۱۶ء

لفٹنٹ کرنل صاحبزادہ سید سجاد علیخان بہادر کمانڈنٹ کیولری فورسز کو مبلغ دوسو پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ خدمت فوج سے ملتی ہی۔ مابدولت و اقبال انکو مبلغ چارسو پچاس روپیہ ماہوار انکی تنخواہ مین اضافہ فرماتے ہین آیندہ

مبلغ سات سو روپیہ ماہوار صیغہ فوج سے ملیگی۔

لفٹنٹ کرنل محمد فتحیاب خان بہادر کمانڈنٹ انفنٹری فورسز کو سو روپیہ ماہوار صیغہ پنشن سے اور ایک سو پچتر روپیہ ماہوار صیغہ فوج سے ملتے ہین مابدولت واقبال اونکی موجودہ تنخواہ مین انکو سو روپیہ ماہوار اضافہ فرماتے ہین آیندہ انکو دو سو پچتر روپیہ ماہوار صیغہ فوج سے عطا ہونگے اور سو روپیہ مد پنشن سے بدستور جاری رہینگے

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون فقط

دستخط صاحب جنرل سکریٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۱۳ جون ۱۹۱۶ء

حسب مرضی عرضداشت صاحب اسٹیٹ انجینیر بہادر رخصت کرشن سہائے سکند کلرک متعینہ دفتر انگریزی تعمیرات مشاہرہ دار چالیس روپیہ دار شش ماہ رخصتی و سہ ماہ بو نصف تنخواہ جملہ شش ماہ منظور کیگئی۔ زمانہ رخصت کلرک مذکور مین بابو سلندر ناتھ کا تقرر مشاہرہ چالیس روپیہ ماہوار زمانہ رخصت کیلئے منظور کیا جاتا ہے تین ماہ کی تنخواہ رخصتی کی تنخواہ سے ملیگی اور بقیہ تین ماہ کی تنخواہ کی منظوری دیجاتی ہے احکام ضابطہ جاری ہون

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ جون ۱۹۱۶ء

بمنشاء حکم بندگان عالی حضور پرنور دام اقبالہم رخصت [illegible] منظور کیگئی

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۲ جون ۱۹۱۶ء

حسب سفارش صاحب مجسٹریٹ ضلع رخصت پندرہ یوم سلطان حسین خان پیشکار عدالت فوجداری ضلع منظور کیگئی۔ کام کا انتظام صاحب مجسٹریٹ ضلع کردینگے۔

اجلاس صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر۔ واقع ۱۷ مئی ۱۹۱۶ء

اشتہار

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم کا منشاء مبارک ہے کہ فراشان و خدمتگاران جنکو حضوری بندگان عالی مین خدمات انجام دینے ہوتے ہین آیندہ شریف القوم ہون اور تنخواہ بھی ان لوگون کی ایک مناسب حد معین کی ہو۔ لہذا خدمتگاران کی تنخواہ ابتدائی دس روپیہ ہوگی اور بارہ روپیہ تک حسب ضوابط و قواعد مقررہ ترقی ملیگی۔

فراشان کی ابتدائی تنخواہ آٹھ روپیہ ہوگی اور دس روپیہ تک ترقی حسب قاعدہ ضابطہ ملیگی۔

دستخط صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر

روئداد جنرل میونسپل کمیٹی منعقدہ ۲۰ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

جناب صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر پریزیڈنٹ کمیٹی

ممبران شرکا ملازمین

۱	خان بہادر سید رضا حسین صاحب بہادر	مجسٹریٹ ضلع
۲	صاحبزادہ سید قدرت علیخاں صاحب بہادر	میونسپل افسر
۳	مولوی محمد فرخی صاحب	
۴	مولوی محمد عبدالحمید صاحب	
۵	منشی بھگت بہاری لال صاحب	پیشی
۶	پنڈت ڈوری لال صاحب	بخشی فوج
۷	محمد ضامن علیخاں صاحب	
۸	عزیز اللہ خانصاحب	اہلمد

امور تصفیہ طلب

۱- تجویز تیاری کمرہ جدید متصل باغیچہ ذوقی رام واقع تھانہ جیپانی حسب درخواست محلہ داران باغیچہ ذوقی رام وگھیر فرخ شاہجہان تعدادی ساد ۔

۲- تجویز مرمت و تیاری دیوار ہائے نالہ و پل کلاں متصل جہنمہ شدہ پڑے پیر صاحب پیش شدہ جنرل میونسپل کمیٹی منعقدہ ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء بعد ستی تجویز قبول کر لیا تعداد ۔

۳- تجویز تیاری و بلند کرانے کمرہ زیر کوٹھی بدھو خان تا مکان صاحبزادہ سید جمیل صاحب بہادر پیش شدہ جنرل میونسپل کمیٹی منعقدہ ۵ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء بعد ملاحظہ موقعہ جناب صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر تعدادی ۔

۴- کاغذات انتظام سالانہ منظور شدہ جلسہ کمیٹی منعقدہ ۹ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء بابت کہنہ و اچاہ خام گرد سطح بابر آب غلیظ وغیرہ معہ رپورٹ سب اوورسیر میونسپلٹی مفصلہ ہدر بالتعداد چاہ و اظہار حالت نقصانی چاہات خام۔

ممبران شرکا غیر ملازمین

۱	محمد عطاء اللہ خانصاحب	ممبر
۲	لالہ ہرنام سنگھ صاحب	ممبر
۳	لالہ منی لال صاحب	ممبر
۴	سلامت جان خانصاحب	ممبر
۵	مشتاق خانصاحب	ممبر
۶	حمید اللہ خانصاحب مستاجر	ممبر
۷	لالہ رام کنوار صاحب	ممبر
۸	مولوی امجد حسین صاحب	ممبر
۹	لالہ بھگوانداس صاحب	ممبر
۱۰	انور شاہ خاں صاحب	ممبر

تجویزات کمیٹی

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ ملاحظہ موقع جناب صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر فرمالیں اوسکے بعد کمیٹی میں پیش ہو۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ ملاحظہ موقع جناب صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر فرمالیں اوس کے بعد کمیٹی میں پیش ہو۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ ایک تجویز بلندیکا پیش کیا جاوے کہ جس کی پانی شرک پر نہ آئے اور جن اسعد کی سب اوورسیر کو کمیٹی میں ہدایت کردی ہے اونکا لحاظ رکھا جائے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ نالہ کے قریب چاہ کہنہ کر دیا جائے اور پرسے منہ مصالحہ سے بند کر دیا جائے اور تختہ ڈالی جائیں کہ چاہ بند ہو اور بوند پہلے یا بجے چاہ میں گندہ پانی جانیکی لئے مصالحہ کی نالی بنائی جائے گی- ایک چاہ بلحاظ ضرورت اول بنایا جاوے جب وہ بھرنیکے قریب ہوجائگا دوسرا بنوا دیا جائیگا

۵ - تحریر محمد احسن صاحب ممبر حلقہ پیش شدہ جنرل میونسپل کمیٹی ۵ اپریل ۱۹۱۷ء و بملاحظہ موقعہ جناب پرائیویٹ سکرٹری بہادر و تخمینہ تعدادی ۔۔۔ بابت تیاری کرنے کوئیں متصل مکانات شیخان و دوکان گنگو واقع بزریہ خان سامان۔

۶ - کاغذات و تخمینہ خرید آلات نقشہ کشی حسب منشاء صاحب ہوم سکرٹری بہادر سابق تعدادی ۔۔۔

۷ - تخمینہ لگانے ڈاٹ پلیہ متصل قبرستان سرکاری پیش شدہ جنرل کمیٹی ۱۱ اپریل ۱۹۱۷ء بعد معائنہ موقع مولوی محمد یعقوب صاحب وکیل تعدادی ۔۔۔

۸ - تخمینہ بابت تیاری کھرنجہ و نالی جدید گلیہ رحمت خان محلہ بریلی دروازہ پیش شدہ جنرل میونسپل کمیٹی منعقدہ ۱۱ اپریل ۱۹۱۷ء بعد معائنہ موقع مولوی محمد اعجاز حسین صاحب ممبر حلقہ تعدادی چار ۔۔۔

۹ - تخمینہ بابت تیاری کھرنجہ جدید واقع جیٹھا گلی بریلی از ۔۔۔ متصل باغیچہ چھوٹے میاں پیش شدہ جلسہ کمیٹی ۱۱ و ۱۵ اپریل ۱۹۱۷ء بعد ملاحظہ موقع جناب پرائیویٹ سکرٹری بہادر تعدادی ۔۔۔

۱۰ - کاغذات معہ تخمینہ تیاری کھرنجہ از ۔۔۔ متصل مکان منشی بھگت بہاری لال صاحب شاہ ۔۔۔ پیش شدہ ۲۰ مارچ ۱۹۱۷ء نسبت وصول رقم چندہ بحساب نصف از محلہ داران تعدادی ۔۔۔

۱۱ - کاغذات معہ تخمینہ تیاری نالی پختہ گلیہ علی حسین خان متصل اصطبل سرکاری حسب درخواست محلہ داران و رپورٹ سپرنٹنڈنٹ حلقہ بابت عدم وصول رقم چندہ از محلہ داران تعدادی ۔۔۔

۱۲ - کاغذات درخواست محمد عطاء اللہ خان ساکن بزریہ خان سامان در بارہ تعمیر نشست گاہ بازخال نذرانہ مبلغ ۔۔۔ حسب رپورٹ صاحب میونسپل افسر مورخہ ۲ اپریل ۱۹۱۷ء

۱۳ - کاغذات معہ رپورٹ صاحب میونسپل افسر مورخہ ۶ مارچ ۱۹۱۷ء بابت اضافہ رقم ۔۔۔ سائر خرچ دفتر میونسپلٹی بوجہ زیادتی مصارف و گرانی کاغذ سیاہی وغیرہ

۱۴ - ارشل نیلام مکانات تعمیر کو ۔۔۔ شرک نو ۔۔۔ دروازہ بابتہ ۔۔۔ اعلان نیلام باقی ۔۔۔ صاحب میونسپل افسر ۔۔۔ کہ ان لوگوں کو مکانات نیلام کر کے روپیہ سرکاری ۔۔۔ یا ۔۔۔ کو قائم ۔۔۔ کی بجائے ۔۔۔ میونسپلٹی ۔۔۔ کر دیئے اور مکان ۔۔۔ پر ۔۔۔ جاویں اور دو سال کی مدت مقرر کر دیجائے کہ اگر میعاد ۔۔۔ میں روپیہ داخل کر دیں تو ۔۔۔ واگذاشت ۔۔۔ بقسط مقررہ میں جو کرایہ وصول ہو ۔۔۔

۱۵ - تخمینہ ۔۔۔ تیاری ۔۔۔ متصل باغیچہ چھوٹے میاں ۔۔۔

۱۶ - ۔۔۔ پیش شدہ جنرل کمیٹی ۱۵ اپریل ۱۹۱۷ء ۔۔۔ نقد دروازہ وغیرہ جدید

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ منظور تخمینہ ۔۔۔ کا ہی کام عمدہ بنوایا جائے بصرف ذمہ داری ۔۔۔ کی بابتہ بذریعہ عملہ داران میونسپلٹی سب اوورسیر حسب منشاء رپورٹ خود کاربند ہوں۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جلسہ آئندہ میں پیش ہو۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ تخمینہ مبلغ ۔۔۔ کا منظور ہو مولوی صاحب وکیل سرکار نے بھی موقع دیکھ لیا ہے کام عمدہ بنوایا جائے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ تخمینہ دکھلوایا جاوے حسب رپورٹ مولوی اعجاز حسین صاحب ممبر ۔۔۔ کر کے پیش کریں اور جو جو امور صاحب ممبر نے اپنی نوٹ میں تحریر کئے ہیں اون سب کا لحاظ کر لیا جاوے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ مولوی اعجاز حسین صاحب ممبر معائنہ کر کے ہمراہی سب اوورسیر صاحب مفصل نوٹ اپنا تحریر کریں۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ سب اوورسیر صاحب تخمینہ پر غور کر کے جس کفایت کا کام ہو کر ۔۔۔ رپورٹ پیش کریں میر منشی صاحب دار الانشاء بھی اس بارہ میں مشورہ کر لیا جاوے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ ملاحظہ موقع جناب پرائیویٹ سکرٹری بہادر فرمالیں اوسکے بعد کمیٹی سے تجویز ہوگی۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ نامنظور ہے منظوری درخواست میں گو ۔۔۔ نذرانہ ۔۔۔ مگر نالی کلری اور سڑک کی تعرضات ہوتے نالی پر ڈاٹ لگا کر چبوترہ بنایا جائیگا ۔۔۔ قائم ۔۔۔ سائبان ۔۔۔ سڑک پر گرگئی جو منتاسب ہی اوسکے قابل نہیں ۔۔۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر کے حضور میں پیش ہو اور رقم سائر خرچ میونسپلٹی سے ۔۔۔ روپیہ ماہوار کی اوسط مصارف ہے ۔۔۔ سیاہی وغیرہ گرانی پر صاحب موصوف اضافہ مناسب فرماینگے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جلسہ آئندہ میں پیش ہو اور ایک نقل رپورٹ صاحب میونسپل افسر تحریر کر کے پیش کریں جس میں اول سے اوس وقت تک کے کل واقعات ہوں

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جلسہ آئندہ میں پیش ہو۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جلسہ آئندہ میں پیش ہو۔

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۱۲ر لغایۃ ۱۸ر جون ۱۹۱۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۹مار		۱۰مار	۹۰۰مار	۹مار	
نخود کسہ آمیز		۱۳مار		۱۲۰مار	۱۲۰۰مار	۱۲مار	
کسہ		۰		۱۳مار	۱۳۰مار	۱۲۰مار	
ماش		۷۰۰مار		۷۰مار	۷مار	۷مار	
مونگ		۷مار		۷مار	۷مار	۷۰مار	
مکا		۷امار		۷۰امار	۷امار	۱۶مار	
جئی		۱۲مار		۱۵مار	۰	۱۴مار	
گوبی		۱۱مار		۱۳مار	۱۲مار	۱۲۰مار	
مسور		۰		۹مار	۸مار	۱۰۰مار	
ارہر		۰		۰	۸۰مار	۱۰۰مار	
برنج		۰		۶۰مار	۶مار	۶۰مار	
روغن زرد		[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	
روغن سیاہ		[illegible]		[illegible]	۲مار	[illegible]	
روغن کنجد		[illegible]		۱مار	۱مار	[illegible]	
نمک سانبھر		۱۲مار		۱۲مار	۱۲مار	۱۳مار	
نمک لاہوری		۱۲مار		۱۳مار	۱۲مار	۱۳مار	
قند سیاہ		۶مار		۵مار	۵۰مار	[illegible]	
نخود خالص		۱۲۰مار		۱۲مار	۱۲مار	۱۱مار	
باجرہ		۱۳مار		۰	۱۲مار	۰	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور